بند کیجئے   پرنٹ کیجئے   اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

Share

復活 海外用Wi-Fiルーター¥500から 6/14まで Wi-Ho!

## نواز شریف سے بھارتی خصوصی نمائندے کی ملاقات

# پاک بھارت دوستی اور مذاکراتی عمل آگے بڑھانے پر اتفاق

بھارت کے خصوصی نمائندے ایس کے لامبا نے رائے ونڈ میں ملاقات کی،نواز شریف کو من موہن کا خیر سگالی پیغام پہنچایا،قائدن لیگ کا خیر مقدم،بھارتی وزیر اعظم کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار

نواز شریف کا تمام تر مسائل کے حل کیلئے مذاکرات کی اہمیت پر زور، قائدن لیگ کی طرف سے بھارت کے ساتھ 1999 کی سطح پر تعلقات کا آغاز کرنے کے بیان کا خیر مقدم

لاہور(ٹی وی رپورٹ،ایجنسیاں)بھارتی وزیر اعظم کے معاون خصوصی ایس کے لامبا کی مسلم لیگ ن کے قائد میاں نواز شریف سے رائے ونڈ میں ملاقات ہوئی جس میں پاک بھارت دوستی اور مذاکراتی عمل آگے بڑھانے پر اتفاق ہوا،اس سے قبل بھارتی ہائی کمشنر کی میاں نواز شریف سے 2 مرتبہ ملاقات ہو چکی ہے تاہم پیر کو من موہن سنگھ کے خصوصی نمائندہ ایس کے لامبا نے میاں نواز شریف سے ملاقات کر کے من موہن سنگھ کی طرف سے خیر سگالی کا پیغام پہنچایا ہے،اس حوالے سے مسلم لیگ ن کے قائد کی جانب سے بھی خیر مقدم کیا گیا اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا۔اس موقع پر نواز شریف نے دونوں ملکوں کے درمیان تمام تر مسائل کے حل کے لئے مذاکرات کی اہمیت پر زور دیا۔ن لیگ کے ذرائع کے مطابق من موہن سنگھ کی طرف سے یہی پیغام پہنچایا گیا ہے میاں نواز شریف کی طرف سے بھارت کے ساتھ 1999 کی سطح پر تعلقات کا آغاز کرنے کی جو بات کی گئی تھی اس کا انہوں نے خیر مقدم کیا،اور دونوں رہنماؤں کی جانب سے ان تمام معاملات کو مذاکرات کے ذریعے حل کرنے پر زور دیا گیا۔لامبا نے میاں نواز شریف کو انتخابات میں کامیابی پر بھارتی وزیر اعظم کا خصوصی تہنیتی پیغام پہنچایا۔ملاقات میں پاک بھارت تنازعات کے حل کے لئے مذاکراتی عمل آگے بڑھانے پر گفتگو ہوئی اور اتفاق کیا گیا کہ مذاکراتی عمل میں دوستی ،امن اور باہمی تعاون کو آگے بڑھایا جائے گا۔دونوں رہنماؤں کی ملاقات میں پاک بھارت تعلقات میں بہتری لانے کیلئے اقدامات پر بات چیت کی گئی۔نواز شریف نے تصفیہ طلب مسائل کو بات چیت کے ذریعے حل کرنے پر زور دیا۔اس موقع پر نواز شریف نے بھارتی وزیر اعظم کے پیغام کا خیر مقدم کیا اور نمائندہ خصوصی کو بھارتی وزیر اعظم کے لئے نیک تمناؤں کا پیغام دیا۔

ShareThis

آج کا اخبار پڑھئے